Grow Safe (Private) Limited
Pakistan's Leading Training, Consultancy and Compliance Solutions provider
growsafehse.com

NTN: 4662393 | **STRN:** S4662393-2
GST: 3277876254888 | **PNTN:** P4662393-2

Ref: GSPL/PR/03/25/015
Date: 01/03/2025

پریس ریلیز

گروسیف اور پاکستان بزنس فورم(کراچی چیپٹر) کا ایس ایم ایز کے فروغ کے لیے اشتراک

کراچی: پاکستان میں ہیلتھ، سیفٹی اورماحولیات کے حوالے سے تربیت، مشاورت اور کمپلائنس کی سہولیات فراہم کرنے والی معروف کمپنی، گروسیف نے ملک کی چھوٹی او درمیانے درجے کی انٹرپرائزز (ایس ایم ایز) کو تقویت فراہم کرنے کے لیے پاکستان بزنس فورم (کراچی چیپٹر) سے اشتراک کرلیا ہے۔

دونوں اداوں نے اس سلسلے میں گزشتہ روز پاکستان بزنس فورم، کراچی چیپٹر کے دفتر میں ایک مفاہمتی معاہدے (ایم او یو) پر دستخط کیے، جس سے ان کے درمیان ایس ایم ایز کے شعبے کے فروغ کے لیے اسٹریجک تعاون کا آغاز ہوگیا۔

معاہدے کے مطابق گروسیف، پاکستان بزنس فورم سے منسلک ایس ایم ایز کو خدمات فراہم کرے گا، جن میں کنسلٹنسی، ٹریننگ اور سرٹیفیکٹس کا حصول شامل ہوگا۔ ان کوششوں کا محور مذکوہ انٹرپرائزز کو اپ گریڈ اور ان کے میعار کو بین الاقوامی اداروں کے مقابل لانا ہوگا۔

اس موقعے پر سعد عبدالوہاب، چیف ایگزیکٹو آفیسر، گروسیف نے مقامی شعبے میں بین الاقوامی معیارات اپنانے کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ دونوں اداروں کا اشتراک مقامی انٹرپرائزز کو سیفٹی اور کمپلائنس کی ضروریات کو مدنظر رکھنے اور مقامی و بین الاقوامی سطح پر استعداد و صلاحیت بڑھانے میں مدد دے گا۔

پاکستان بزنس فورم، کراچی چیپٹر کے صدر، سہیل عزیز نے بھی سیفٹی اور کمپلائنس کو مقامی ایس ایم ایز کے فروغ کے لیے لازمی جز قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ گروسیف کی صلاحیتوں اور مہارت کا استعمال ان کے ممبران کو ایک محفوظ اور جامع ماحول میں کام کرنے میں مدد دے گا۔

گروسیف اور پاکستان بزنس فورم کے درمیان یہ معاہدہ ملک میں ایک مستقل، مضبوط، مستحکم اور بین الاقوامی معیار کا حامل اس ایم ایز ایکوسسٹم قائم کرنے کے مشترکہ کاز کا مظہر ہے۔

بشکریہ،

حسان ضدیقی
کارپوریٹ میڈیا مینیجر
ڈیجیٹل - کارپوریٹ میڈیا ڈپارٹمنٹ

GROW SAFE (PRIVATE) LIMITED
MEDIA DEPARTMENT

Grow Safe (Private) Limited
Together, we can grow safe